© rasailojaraid.com



المملكة العربية السعودية
وزارة التعليم العالي
جامعة أم القرى

مركز اللغة الإنجليزية

﴿إنا لله وإنا إليه راجعون﴾

إلى أسرة الأخ الفقيد والعزيز على قلوبنا سيد ذو الكفل بخاري رحمه الله تعالى

السلام عليكم ورحمة الله تعالى وبركاته ، أما بعد

ببالغ الأسى والحزن تنعي إليكم أسرة مركز اللغة الإنجليزية بجامعة أم القرى بمكة المكرمة وفاة أخانا العزيز ذو المحيا الطلق والابتسامة الدائمة والظل الخفيف ، الذي وبالرغم من قصر فترة بقائه بيننا بمكة إلا أنه قد ترك خلفه إخوة له أحبوه في الله يتذكرون إطلالته البهية وابتسامته المطمئنة وقد تأثروا بنبأ وفاته وفجائية مفارقته لهم ولسان حالهم يلهث بالدعاء له بالرحمة والمغفرة وسؤال الله جلت قدرته أن يتغمده بواسع مغفرته وأن يسكنه فسيح جناته وإنا لله وإنا إليه راجعون .
عسى الله أن ينزل عليكم الصبر والسلوان وأن يخلفكم بعده خيراً وأن يبارك لكم في ذريته وأهله وإخوانه وما ترك وأن يجمعنا به في جنة الفردوس الأعلى مع النبيين والصديقين والشهداء وحسن أولئك رفيقا .

نيابة عن أعضاء هيئة التدريس

مدير مركز اللغة الإنجليزية

د. سامي بن محمد غالب حطرجي

كلية العلوم الاجتماعية
مركز اللغة الإنجليزية

الرقم ......بدون.................. التاريخ ...٢٢../..٢../..١٤٣١..المشفوعات ......بدون........



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



المملکۃ العربیہ السعودیہ
وزارت التعلیم العالی
جامعہ ام القریٰ، مرکز اللغۃ الانجلیزیہ

انا للّٰہ وانا الیہ راجعون

دولتِ گم گشتہ، برادرِ عزیز سید محمد ذوالکفل بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کے خاندان کے نام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، امابعد۔

انتہائی افسوس اور رنج کے ساتھ، مرکزِ انگریزی زبان جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ کے رفقا، آپ کی خدمت میں اپنے عزیز بھائی کی وفات پر تعزیت وغمخواری کے جذبات پیش کرتے ہیں۔

ہمارے اِن بھائی کا طرزِ حیات بہت فراخ دلانہ اور کشادہ روتھا۔ دائمی مسکراہٹ اُن کی شخصیت کی پہچان تھی، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ کبھی کسی کو اُن کی موجودگی گراں محسوس نہیں ہوئی۔ وہ تھے ہی ایسے، ہلکے پھلکے، ہنستے مسکراتے۔ اگر چہ مکہ میں ہمارا اُن کا ساتھ کچھ زیادہ نہیں رہا لیکن اُنھوں نے اپنے پیچھے ایسے دوستوں کو چھوڑا ہے جنھیں اُن سے اللہ واسطے کی محبت ہے۔ سب لوگ (مجالس ومحافل میں) اُن کی شاندار اور رونق وتازگی سے معمور آمد اور پُر اطمینان مسکراہٹ کو ہمیشہ یاد کرتے رہتے ہیں۔

اُن کی وفات کی خبر اور بے موقع اچانک رفاقت ٹوٹ جانے سے سب دوست بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ ہم سب کی بے تابی گویا زبانِ حال سے اُن کے لیے رحمت ومغفرت کی دعا ہے۔ اللہ جل مجدہ سے التجا ہے کہ وہ اُنھیں اپنی کشادہ جنّات میں ٹھکانہ عطا فرمائیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ہی آپ پر اپنی جانب سے صبر اور تسلی نازل فرمائیں گے اور اُن کے بعد آپ حضرات کو اُن کا بہترین قائم مقام عطا فرمائیں گے۔ حضرتِ حق جلّ مجدہٗ اُن کے بچوں، اہلِ خانہ، برادران واَحِبّا میں ہی آپ کے لیے برکت پیدا فرمادیں، اور ہم سب کو جنت الفردوس الاعلیٰ میں انبیا، صدیقین اور شہداء کی معیت میں بھائی سید ذوالکفل بخاری کے ساتھ اکٹھا کردیں، کہ رفاقت اور ساتھ تو وہی ہے اور وہیں کا ہے۔

مجلسِ اساتذہ کی طرف سے نیابتًا
ڈاکٹر سامی بن محمد غالب عطرجی
مدیر مرکز انگریزی زبان
۱۲/صفر ۱۴۳۱ھ
(عربی سے ترجمہ: سید صبیح الحسن ہمدانی)



© rasailojaraid.com